12599-کیاڈاکٹرکوادویات کمپنیوں کی جانب سے دی گئی دعوت قبول کرلینی چاہئے

سوال

میں ڈاکٹری پیشہ سے تعلق رکھتا ہوں میرا سوال یہ ہے کہ :
کیا میرے لیے ادویات کمپنی کے نمائندوں کی جانب سے پیش کردہ تحائف اور دعوتیں قبول کرنی جائز ہیں ، وہ یہ سب کچھ اس لیے کرتے ہیں کہ ہم ان کی کمپنی کی تیار کردہ ادویات کے نسخے لکھ کردیا کریں چاہے اس کی قیمت اور معیار کچھ بھی ہو ؟

پسندیدہ جواب

اگر آپ کا اپنا ذاتی کلینک ہے تو آپ کے لیے ایک شرط پر ان کمپنیوں کی دعوت قبول کرنی جائز ہے کہ ایسا کرنے سے مریضوں کو دی جانے والی ادویات کے معیار پر کوئی اثر نہ ہوتا ہو ، بلکہ آپ مریض کو بہتر سے بہتر دوا لکھ کردیں اور اس میں قیمت کا بھی خیال رکھیں یا پھر مریض کے اختیار پر چھوڑ دیں ۔

تو اس بنا پر آپ کا ان کمپنیوں کی جانب سے کی گئی دعوت و پارٹی میں شرکت کرنے کا مقصد یہ ہوگا کہ آپ اس کمپنی کی تیار کردہ ادویات سے متعارف ہوں ، اور اسی طرح اگر آپ کا اپنا ذاتی کلینک نہیں تو پھر آپ ان دعوتوں میں صرف ادویات سے متعارف ہونے کے لیے شرکت کریں تو اس میں کوئی حرج والی بات نہیں ، لیکن اگر ایک کمپنی کے تحائف اور دعوت کی بنا پر آپ اسی کمپنی سے تعلق رکھیں اور دوسری سے قطعا تعلق نہ رکھیں تو پھر ایسا کرنا صحیح نہیں ۔

اور اس کا بھی خیال رکھیں کہ اگر آپ کا ذاتی کلینک نہیں بلکہ کسی اور ہاسپٹل وغیرہ میں کام کرتے ہیں اور اس میں آپ کا اچھا خاصہ اثر رسوخ بھی حاصل ہے جس کی وجہ سے انتظامیہ ادویات بھی وہی خریدتی ہے جو آپ کہیں تو پھر آپ بری الذمہ ہونے کے لیے ان تحائف اور دعوتوں سے دور ہی رہیں تو بہتر ہے ۔ .